فوری ریلیز کے لیے: 12/10/2022 | گورنر KATHY HOCHUL

# گورنر HOCHUL کا ینکرز میں بزرگوں کے لیے 44 ملین ڈالر کی لاگت سے مکانات کی تعمیر کے آغاز کا اعلان

## *لا مورا سینیئر اپارٹمنٹس (La Mora Senior Apartments) کا منصوبہ توانائی کی انتہائی زیادہ بچت کرنے والی عمارت میں جنوبی ینکرز کے لیے 60 نئے سستے اپارٹمنٹس لائے گا*

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ 44$ ملین لاگت والی عمارت کی تعمیر شروع ہو گئی ہے جس سے جنوبی ینکرز میں معمر افراد کے لیے توانائی کی بچت کرنے والے اور سستے 60 گھر بنیں گے۔ لا مورا سینیئر اپارٹمنٹس کے نام سے معروف، یہ منصوبہ ایک تباہ شدہ عمارت کو جدید خصوصیات والی ایک پائیدار عمارت میں تبدیل کر دے گا۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "یہ منصوبہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرے گا کہ ینکرز میں بزرگوں کو ایک زندہ دل علاقے میں رہنے کے لیے ایک محفوظ، آرام دہ جگہ میسر ہو جسے وہ گھر کہیں۔ میری انتظامیہ کے 25$ بلین لاگت کے رہائشی منصوبے کے جزو کے طور پر، ریاست معیاری گھر بنانے کے لیے ضروری وسائل وقف کرتی رہے گی جہاں نیو یارک کے بزرگ افراد وقار اور ذہنی سکون کے ساتھ زندگی گزار سکیں"۔

لا موراسینیئر اپارٹمنٹس رہائش کو مزید کم خرچ، مساوی اور مستحکم بنانے کے لیے گورنر Hochul کے وسیع منصوبوں کا جزو ہیں۔ مالی سال 2023 کے ریاستی بجٹ میں، گورنر نے 25$ بلین کا، ایک ایسا نیا پانچ سالہ، جامع رہائشی منصوبہ متعارف کروایا اور اسے کامیابی سے منظور کروایا ہے جو نیو یارک بھر میں 100,000 کم قیمت گھروں کی تعمیر یا بحالی کرتے ہوئے رہائش کی گنجائش میں اضافہ کرے گا، جس میں کمزور آبادیوں کے لیے معاونتی خدمات والے 10,000 گھروں کے علاوہ، 50,000 اضافی گھروں کو بجلی کی فراہمی شامل ہے۔

جنوبی ینکرز کے ہولو علاقے میں واقع، یہ منصوبہ شہر ینکرز کے بلدیاتی محکمۂ رہائش کی جانب سے حاصل کیے گئے طویل عرصے سے خالی پارسل پر تعمیر کی جائے گی۔ چار منزلہ عمارت 57 ایک بیڈروم کے اپارٹمنٹس اور تین دو بیڈروم کے اپارٹمنٹس پر مشتمل ہو گی۔ تمام 60 اپارٹمنٹس 62 سال اور اس سے زائد عمر کے رہائشیوں کے لیے قابلِ استطاعت ہوں گے جن کی آمدنی علاقے کی اوسط آمدنی کا 60 فیصد یا اس سے کم ہے۔

لا مورا سینیئر اپارٹمنٹس کو توانائی کی انتہائی بچت کرنے کے قابل بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے اور یہ ریاست نیو یارک کا محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کے نئے تعمیراتی - رہائشی پروگرام، انرجی سٹار، انٹرپرائز گرین کمیونٹیز، اور پیسیو ہاؤس انسٹیٹیوٹ سرٹیفیکیشنز کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔ تمام اپارٹمنٹس میں کم بہاؤ والے پلمبنگ آلات، انرجی سٹار کے آلات، انفرادی اعلٰی کارکردگی والے برقی حرارت اور ٹھنڈک کے آلات، اور ایل ای ڈی لائٹنگ شامل ہوں گے۔ عمارت میں ایک اعلیٰ کارکردگی والی پوشش، دو تختوں والی موصل کھڑکیاں، اور پانی کو گرم کرنے اور تقسیم کرنے کا ایک مرکزی نظام ہو گا۔ ایک ہنگامی جنریٹر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ بجلی جانے کی صورت میں عمارت کے نظام چلتے رہیں۔

رہائشیوں کو ینکرز کے دفتر برائے معمر افراد کی خدمات تک رسائی ہو گی، بشمول کیس مینجمنٹ، گھر پر پہنچایا جانے والا کھانا، استحقاق کے پروگراموں میں مدد، آمد و رفت، صحت سے متعلق آگاہی کے پروگرام، غذائی مراکز

تک رسائی، تفریح اور ورزش کے پروگرام، اور سپر مارکیٹ اور ادویات کی فراہمی میں رابطہ کاری۔ خدمات کے لیے سرمایہ دفتر برائے معمر افراد (Office for the Aging) اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی ڈیپارٹمنٹ آف سینئر پروگرامز اینڈ سروسز (Westchester County Department of Senior Programs and Services) کی جانب سے فراہم کیا جائے گا۔

آس پاس کے قریبی محلے میں متعدد عوامی پارکس اور ایک گولف کورس شامل ہے، اور عمارت سینٹ جوزف ہسپتال اور میڈیکل سینٹر کے قریب واقع ہو گی۔ عمارت کے مکین عمارت کے اندرونی اور بیرونی مشترکہ حصوں سے بھی لطف اندوز ہو سکیں گے۔

لا مورا سینئر اپارٹمنٹس کو بلدیاتی محکمۂ رہائش یونکیز شہر ( Municipal Housing Authority – City of Yonkers, MHACY) اور ملفورڈ کارپوریشن (Mulford Corporation)، ، ایک 501(c)(3) بلامنافع کام کرنے والی فلاحی ترقیاتی کارپوریشن جسے MHACY نے سنہ 2004 میں تشکیل دیا تھا، کی جانب سے مشترکہ طور پر تیار کیا جا رہا ہے۔

لا مورا سینیئر اپارٹمنٹس کے لیے ریاستی سرمایہ کاری میں 17$ ملین مستقل ٹیکس سے مستثنیٰ بانڈز، فیڈرل کم آمدنی والے ہاؤسنگ ٹیکس کریڈٹس شامل ہیں جو کہ ایکویٹی میں 17.7$ ملین، اور ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید سے 9.1$ ملین سبسڈی پیدا کریں گے۔ نیو یارک ریاست کا محکمہ برائے تحقیق و ترقیٔ توانائی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) $240,000 فراہم کرے گا۔ ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی ہاؤسنگ امپلیمینٹیشن فنڈ سے 3.4$ ملین فراہم کر رہی ہے اور ینکرز شہر HOME فنڈز میں 650,000$ فراہم کر رہا ہے۔ MHACY نے 2.6$ ملین قرض فراہم کیا ہے۔

پچھلے پانچ برسوں میں، گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (Homes and Community Renewal, HCR) نے ینکرز میں تقریباً 2,400 سستے گھر بنانے اور محفوظ کرنے کے لیے 331$ ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔ اس میں لینڈی کورٹ شامل ہے، جو اب 80 سستے اپارٹمنٹس فراہم کرتی ہے، بشمول 48 ڈاؤن ٹاؤن ینکرز کے قریب معاون خدمات کے ساتھ، اور 172 واربرٹن رج وے پر، جس نے 85 نئے اپارٹمنٹس بنائے ہیں۔

**گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "لا مورا سینیئر اپارٹمنٹس ینکرز میں معیاری سستے گھروں کی فراہمی کو بڑھانے کے لیے ہماری سرمایہ کاری جاری رکھے ہوئے ہے، جس میں پچھلے پانچ سالوں میں 2,400 سے زیادہ نئے گھر بنائے گئے ہیں۔ ہماری تازہ ترین سرمایہ کاری 60 سے زائد بزرگوں کے معیار زندگی کو بہتر بنائے گی، اور آخر کار ینکرز کے ہولو علاقے میں طویل عرصے سے خالی ایک گھر کو استعمال کرے گی۔ گرین ڈیزائن اور بزرگوں کے لیے دوستانہ سہولیات کے ساتھ، مستقبل کے رہائشی اس علاقے میں رہ سکیں گے اور پھل پُھول سکیں گے جسے وہ گھر کہتے ہیں۔ اس نئی عمارت کو حقیقت بنانے میں مدد کرنے کے لیے سٹی آف ینکرز، ملفورڈ کارپوریشن، شہر ینکرز اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کی میونسپل ہاؤسنگ اتھارٹی میں ہمارے شراکت داروں کا شکریہ"۔

**ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا،** "NYSERDA کو لا مورا سینیئر اپارٹمنٹس پر تعمیر شروع ہوتے دیکھ کر خوشی ہوئی، جو مکمل ہونے پر، کم آمدنی والے ینکرز کے بزرگوں کو تمام الیکٹرک آلات سے مزین سستی رہائش تک رسائی فراہم کرے گی جو کہ صحت مند، لچکدار اور توانائی کی بھرپور بچت کرتی ہے تاکہ آرام بہتر اور زندگی گزارنے کا تجربہ خوشگوار ہوں۔ اس طرح کے منصوبے گورنر Hochul کے آب و ہوا کے موافق 20 لاکھ گھروں کے حصول کے عزم کی حمایت کرتے ہیں اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ نیو یارک کے ہمارے سب سے زیادہ کمزور لوگوں کو صاف توانائی کی سرمایہ کاری سے فائدہ پہنچے"۔

**نمائندے Jamaal Bowman نے کہا،** "سستی رہائش کی تلاش میرے ضلع کے بزرگوں کو درپیش سب سے بڑی رکاوٹوں میں سے ایک ہے۔ ینکرز میں بہت سے بزرگوں کی آمدنی لگی بندھی ہوتی ہے جو اکثر بدلتی ہوئی اور مہنگی کرائے کی رہائشی مارکیٹ میں انہیں زیادہ لچک فراہم نہیں کرتی۔ یہ یونٹ ہمارے 60 سے زیادہ پڑوسیوں کو

یہاں ینکرز میں دستیاب کرائے جا رہے ہیں، میرے حلقوں کو موسم میں لچکدار، قابل رسائی، اور مستقل طور پر قابلِ برداشت علاقہ فراہم کریں گے۔ مجھے اس کوشش کی حمایت کرنے پر فخر ہے اور میں سب کے لیے مکانات کو مزید قابلِ رسائی اور سستا بنانے کے لیے پُرعزم ہوں"۔

**سینیٹ کی اکثریتی رہنماء Andrea Stewart-Cousins نے کہا،** "پایۂ تکمیل کو پہنچنے پر، لا مورا سینیئر اپارٹمنٹس اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کریں گے کہ ینکرز میں کم آمدنی والے زیادہ بزرگوں کو محفوظ، پائیدار، کم لاگت والے رہائشی اختیارات اور بہت زیادہ ضروری خدمات میسر ہوں گی جبکہ ارد گرد کے ینکرز ہولو علاقے کو بھی نئی زندگی دی جائے گی۔ مجھے ریاستی سینیٹ کی قیادت کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے جس کی توجہ یہاں اور ریاست بھر میں نیو یارک کے باشندوں کے لیے زیادہ سستی رہائش اور انہیں قابلِ استطاعت بنانے کے طریقوں پر مرکوز ہے"۔

**رکنِ اسمبلی Nader Sayegh نے کہا،** "ینکرز کے معمر افراد سستی رہائش تک رسائی کے مستحق ہیں یہی وجہ ہے کہ میں نے لا مورا سینیئر اپارٹمنٹس جیسے منصوبوں کے لیے ریاستی مالی امداد میں اضافہ کے حق میں مسلسل ووٹ دیا ہے۔ بزرگوں کے لیے 60 بالکل نئے، توانائی کی بچت کرنے والے اپارٹمنٹس ینکرز کے لیے اچھی خبر ہے اور میں نیو یارک کے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید، دی میونسپل ہاؤسنگ اتھارٹی آف ینکرز، ڈیویلپر دی ملفورڈ کارپوریشن اور شراکت دار تنظیموں اور فرموں کے کام کو سراہتا ہوں جو اس سنگِ بنیاد رکھے جانے کو ایک حقیقت بنانے کے لیے مصروفِ عمل ہیں"۔

**ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے ایگزیکٹو George Latimer نے کہا،** "میری انتظامیہ کا ایک قابلِ فخر کارنامہ ویسٹ چیسٹر میں ہمارے مکینوں، خصوصاً ہمارے بزرگوں کے لیے سستی رہائش کے مواقع پیدا کرنے کے لیے کام کرنا ہے۔ ینکرز میں لا مورا سینیئر اپارٹمنٹس ہماری ایک اہم ضرورت کو پورا کرنے میں ہماری مدد کریں گے، اور اپنے بزرگوں کو یہ محسوس کروانے میں مدد دیں گے کہ وہ ہمارے علاقے میں گھر بنا سکتے ہیں۔ ہم گورنر Kathy Hochul اور نیو یارک سٹیٹ گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے اپنے شراکت داروں کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اس منصوبے کو عملی جامہ پہنایا، اور ہم امید کرتے ہیں کہ وہ افتتاحی تقریب میں واپس آئیں گے جس کا ینکرز کے علاقے پر دیرپا اثر پڑے گا"۔

**ینکرز کے میئر Mike Spano نے کہا،** "ریاست نیو یارک اور نجی سرمایہ کاروں کا شکریہ جو اپنے تمام رہائشیوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے میں سٹی آف ینکرز کی مدد کرنے کے لیے اکٹھے ہوئے کیونکہ ہم اپنے مضافاتی علاقوں کو دوبارہ زندہ کر رہے ہیں۔ جیسا کہ ہم دریا کے کنارے پر مکانات کو بڑھتے ہوئے دیکھتے ہیں، یہ بھی ضروری ہے کہ ہم پورے شہر میں اُسی معیار کی رہائش فراہم کریں، خصوصاً اپنے بزرگوں کے لیے جنہوں نے ہمارے علاقے کے لیے بہت کچھ کیا ہے"۔

**ینکرز شہر کے بلدیاتی محکمۂ رہائش کی صدر اور سی ای او Wilson Kimball نے کہا،** "لا مورا سینیئر اپارٹمنٹس اس بات کی ایک مثال ہے کہ سستی رہائش میں پائیدار خصوصیات کو شامل کرنے کے لیے قومی سطح پر کیا کیا جا سکتا ہے۔ ہمارے بزرگوں کو موسمیاتی تبدیلیوں کی تباہ کاریوں سے بچانا لازمی ہے جیسے کہ ان علاقوں میں سیلاب جو اب بھی ماضی کے ریڈ لائننگ کے طریقوں سے متاثر ہیں جنہوں نے شہری مضافاتی علاقوں کو متاثر کیا ہے۔ غیر فعال گھر اور موقع پر ہنگامی بجلی کی پیداوار جیسی ڈیزائن کی خصوصیات ماحول کے ساتھ ساتھ ہمارے بزرگ رہائشیوں کی حفاظت کے لیے بھی اہم ہیں"۔

###